# Pak-Gulf Leasing Company Limited

## سالانہ اجلاس عام کی اطلاع

بذریعہ نوٹس ہذا اطلاع دی جاتی ہے کہ **پاک گلف لیزنگ کمپنی لمیٹڈ کا 30واں سالانہ اجلاس عام** بروز جمعرات مورخہ 26 اکتوبر 2023ء شام 04:30 بجے کمپنی کے رجسٹرڈ آفس/ویڈیو لنک بمقام یونیبر وہاؤس، گراؤنڈ اور میزنائن فلور پلاٹ نمبر-114، 9th ایسٹ اسٹریٹ، فیز I، ڈیفنس کراچی-75500 میں مندرجہ ذیل امور کی کاروائی کیلئے منعقد ہوگا۔

### اے۔ عمومی امور

1۔ 15 دسمبر 2022ء کو منعقدہ 29واں سالانہ اجلاس عام کی کاروائی کی توثیق کرنا۔

2۔ 30 جون 2023ء کو ختم ہونے والے سال کیلئے کمپنی کے آڈٹ شدہ سالانہ حسابات بمع ڈائریکٹرز اور آڈیٹرز کی رپورٹس کی وصولی ،غور وخوض اور منظوری۔

3۔ 30 جون 2024ء کو ختم ہونے والے سال کیلئے آڈیٹرز کی تقرری اور انکے مشاہرے کا تعین۔ موجودہ آڈیٹرز بی ڈی او ابراہیم اینڈ کو چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس سبکدوش ہورہے ہیں اور اہل ہونے کی بناء پر خود کو دوبارہ تقرری کیلئے پیش کیا ہے۔

### ب۔ خصوصی امور

4۔ سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کے S.R.O نمبر 2023/(I)389 مورخہ 21 مارچ 2023 کی تعمیل میں کمپنی کو اپنے ممبران کو سالانہ آڈٹ شدہ مالیاتی گوشواروں کو QR فعال کوڈ اور ویب لنک کے ذریعے گردش کرنے کا اختیار دینے کیلئے مندرجہ ذیل قراردادوں کو ترمیم یا بلاترمیم، اضافہ یا حذف غور وخوض کرنا اور، اگر مناسب سمجھا جائے تو، منظوری۔

**طے کیا گیا کہ** پاک گلف لیزنگ کمپنی لمیٹڈ (" کمپنی ") کے ممبران کی جانب سے اراکین کو آئندہ سالوں کیلئے سالانہ رپورٹس بشمول سالانہ آڈٹ شدہ مالیاتی گوشواروں کی CD / DVD / USB کے بجائے QR اینبلڈ کوڈ اور ویب لنک کے ذریعے ترسیل کی بذریعہ ہذا منظوری دی جاتی ہے، جیسا کہ سیکورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان نے اپنے S.R.O نمبر 2023/(I)389 مورخہ 21 مارچ 2023 کے ذریعے اجازت دی ہے۔

**مزید طے کیا گیا کہ** کمپنی کے چیف ایگزیکٹو آفیسر اور/ یا کمپنی سیکریٹری کو انفرادی طور پر تمام اعمال، امور اور چیزیں کی انجام دہی، تمام قانونی تقاضوں اور ضروریات کی تعمیل کیلئے تمام ضروری اقدامات کرنے یا تکمیل کرنے اور مذکورہ قرارداد کو نافذ کرنے کے مقاصد کیلئے ضروری یا اتفاقی مطلوبہ دستاویزات فائل کرنے کا بذریعہ ہذا اختیار دیا جاتا ہے۔

کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن (3)134 کے تحت خصوصی امور سے متعلق بیانیہ کمپنی کے ممبران کو ارسال کردہ اجلاس کے نوٹس کے ہمراہ منسلک ہے۔

### دیگر امور

5۔ چیئرمین کی اجازت سے کسی بھی دیگر امور کی کاروائی جو کہ اجلاس میں پیش کی جائے۔

حسب الحکم بورڈ

**کمپنی سیکریٹری**

کراچی: 04 اکتوبر 2023ء

## نوٹس

1۔ کمپنی کی شیئرز ٹرانسفر بکس 20 اکتوبر 2023 تا 26 اکتوبر 2023 تک (بشمول دونوں ایام) بند رہیں گی۔

2۔ شیئر ہولڈرز جو سالانہ اجلاس عام میں ویڈیو لنک کے ذریعے حصہ لینے کے خواہشمند ہے وہ اجلاس ھذا کے وقت سے کم ازکم 48 گھنٹے قبل ان کی تقرری اور پراکسی کی تصدیق کے لئے companysecretary@pakgulfleasing.com پر حسب ذیل معلومات ارسال کریں۔

| شیئر ہولڈر کا نام | شناختی کارڈ نمبر | فولیو نمبر / سی ڈی سی اکاؤنٹ نمبر | فون نمبر | ای میل ایڈریس |
|---|---|---|---|---|
| | | | | |

اجلاس میں شرکت کے لیے ویڈیو لنک ممبران کو ان کے فراہم کردہ ای میل پتوں پر بھیجا جائے گا جس کی مدد سے وہ مقررہ تاریخ اور وقت پر اجلاس میں شرکت کرسکیں گے۔

لاگ ان کی سہولت اجلاس کے وقت سے تیس (30) منٹ قبل کھل جائے گی تاکہ شرکاء کی شناخت کے عمل کے بعد اجلاس میں شامل ہوسکیں۔ حصص یافتگان کی شناخت اور تصدیق کے لئے مطلوب تمام رسمی وابستگیوں کے بعد اپنے آلات کے ذریعہ اجلاس کی کارروائی میں لاگ ان ہوسکتے ہیں اور اس میں حصہ لے سکتے ہیں۔

3۔ ہروہ ممبر جو اجلاس میں شرکت کرنے اور ووٹ دینے کا حق رکھتا/رکھتی ہے اپنی جگہ شرکت کرنے اور ووٹ دینے کیلئے کسی دوسرے ممبر کو اپنا پراکسی مقرر کرسکتا/ کرسکتی ہے۔

4۔ موثر بعمل ہونے کیلئے پروکسی دستاویز اور پاور آف اٹارنی یا دیگر اتھارٹی جس کے تحت دستخط کئے گئے ہوں بمعہ پاور آف اٹارنی کی نقل جو پبلک نوٹری یا دیگر اتھارٹی سے مصدقہ ہو کمپنی کے رجسٹرڈ آفس میں اجلاس سے 48 گھنٹے قبل موصول ہوجائیں۔

5۔ سینٹرل ڈپازٹری کمپنی لمیٹڈ کے اکاؤنٹ ہولڈرز کو سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کی دی گئی ہوئی درج ذیل ہدایت پر عمل کرنا ہوگا۔

### اے ۔ میٹنگ میں شمولیت کیلئے :

(i)۔ افراد کی صورت میں اکاؤنٹ ہولڈر اور سب اکاؤنٹ ہولڈر یا وہ جن کی سیکیورٹیز گروپ اکاؤنٹ میں ہیں ان کی رجسٹریشن کی تفصیلات قوانین کے مطابق اپ لوڈ ڈ ہیں وہ اجلاس میں شرکت کرتے وقت اپنا اصل کمپیوٹرائزڈ شناختی کارڈ یا اصل پاسپورٹ پیش کریں۔

(ii)۔ ادارہ جاتی نمائندگی کی صورت میں بورڈ آف ڈائریکٹر کی قرارداد/ پاور آف اٹارنی نامزد کردہ افراد کے دستخط کیساتھ (اگر یہ پہلے فراہم نہ کئے گئے ہوں تو) میٹنگ کے وقت پیش کرنے ہوں گے۔

### بی ۔ پروکسی کی تقرری کیلئے :

(i)۔ افراد کی صورت میں اکاؤنٹ ہولڈر اور سب اکاؤنٹ ہولڈر یا وہ جن کی سیکیورٹیز گروپ اکاؤنٹ میں ہیں ان کی رجسٹریشن کی تفصیلات قوانین کے مطابق اپ لوڈ ڈ ہیں مندرجہ بالا شرائط کیمطابق پروکسی فارم جمع کروائیں گے۔

(ii)۔ پروکسی فارم میں دو افراد کی گواہی ہوگی جن کے نام پتے اور کمپیوٹرائزڈ شناختی کارڈ نمبر فارم میں بھی درج ہوں گے پروکسی فارم کیساتھ پروکسی نامزد کرنے والے افراد کے شناختی کارڈ کی تصدیق شدہ نقل جمع کرانی ہوگی۔

(iv)۔ میٹنگ کے وقت پروکسی اپنا اصل کمپیوٹرائزڈ شناختی کارڈ یا پاسپورٹ پیش کرے گا۔

(v)۔ ادارہ جاتی نمائندگی کی صورت میں بورڈ آف ڈائریکٹر کی قرارداد/ پاور آف اٹارنی نامزد کردہ افراد کے دستخط کیساتھ (اگر یہ پہلے فراہم نہ کئے گئے ہوں تو) پروکسی فارم کیساتھ کمپنی میں پیش کرنے ہوں گے۔

### کمپنی کی ویب سائٹ پر سالانہ آڈٹ شدہ مالیاتی حسابات کی فراہمی

6۔ کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعات کے مطابق ، 30 جون 2023 کو ختم ہونے والے سال کے لئے کمپنی کے آڈٹ شدہ مالیاتی حسابات کمپنی کی ویب سائٹ http://www.pakgulfleasing.com/Financials.html پر فراہم کردیئے گئے ہیں۔ علاوہ ازیں گذشتہ سالوں کے سالانہ اور سہ ماہی گوشواروں کا بھی اجراء کردیا گیا ہے۔

### ای میل کے ذریعے سالانہ مالیاتی گوشواروں کی ترسیل

7۔ سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (SECP) کی جانب سے ایس آر او نمبر 2014/(I)787 مورخہ 08 ستمبر 2014 کے تحت دی گئی ہدایات کی تعمیل میں، وہ شیئر ہولڈرز جو مستقبل میں سالانہ مالیاتی گوشوارے ڈاک کے بجائے ای میل کے ذریعے وصول کرنا چاہتے ہیں، انہیں مشورہ دیا جاتا ہے کہ وہ اسٹینڈرڈ درخواست فارم پر اپنی رضامندی بمع درست ای میل ایڈریس فراہم کریں جو کمپنی کی ویب سائٹ یعنی www.pakgulfleasing.com پر دستیاب ہے اور شیئر ہولڈر کے دستخط شدہ فارم کے ہمراہ بشمول CNIC کی کاپی کمپنی کے شیئر رجسٹرار میسرز THK ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ کو مہیا کریں۔

### قومی شناختی کارڈ/ این ٹی این

8۔ سیکورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (ایس ای سی پی) نے بذریعہ نوٹیفکیشن ایس آر او 2012/(1)831 مورخہ 5 جولائی 2012ء کو ہدایت کی ہے کہ ڈیویڈنڈ وارنٹس پر رجسٹرڈ ممبر یا مجاز شخص کا سی این آئی سی نمبر درج ہونا چاہیے ماسوائے نابالغ اور کارپوریٹ ممبران لہٰذا جن ممبران یا کارپوریٹ انیٹٹی کی صورت میں جنھوں نے اپنے سی این آئی سی یا این ٹی این کاپی داخل نہیں کرائی ہیں ان سے درخواست ہے کہ فوری طور پر اس کی کاپی کمپنی کے شیئر رجسٹرار کو پیش کردیں۔ بصورت دیگر قانون کے مطابق تازہ سی این آئی سی کی کاپی کی فراہمی تک ان کو ڈیویڈنڈ کی ادائیگی روک دی جائیگی۔

### ای مینڈیٹ

9۔ کمپنیز ایکٹ 2017 کے نفاذ کے بعد لسٹیڈ کمپنیاں مجاز حصص کو ڈیویڈنڈ کی ادائیگی الیکٹرانک موڈ کے ذریعے یعنی کہ ان کے نامزد کردہ بینک اکاؤنٹ میں ڈیویڈنڈ کی رقم کو کریڈٹ کرکے، کرسکتی ہے۔ اس لیئے سرٹیفیکیٹ کی شکل میں حصص رکھنے والے شیئر ہولڈرز سے درخواست ہے کہ وہ اپنا ڈیویڈنڈ مینڈیٹ کمپنی کے رجسٹرڈ آفس میں جمع کرادیں جبکہ سینٹرل ڈپازٹری کمپنی لمیٹڈ میں حصص رکھنے والے شیئر ہولڈرز سے درخواست ہے کہ وہ اپنا ڈیویڈنڈ مینڈیٹ سینٹرل ڈپازٹری کمپنی لمیٹڈ کے شرکاء/سرمایہ کاری اکاؤنٹس سروسز ڈیپارٹمنٹ میں جمع کرادیں۔ جن شیئر ہولڈرز نے ڈیویونڈ مینڈیٹ جمع نہیں کرایا کمپنی ان کو ریگولیٹری حکام کی ہدایت کے مطابق ڈیویڈنڈ کی ادائیگی نہیں کرسکے گی۔

### فائلر اور نان فائلر

9۔ فنانس ایکٹ مجریہ 2023ء نافذ العمل یکم جولائی 2023ء کے مطابق ڈیویڈنڈ کی ادائیگی سے انکم ٹیکس فائلر اور نان فائلر کی بنیاد پر حسب ذیل منہا کیا جائے گا۔

انکم ٹیکس گوشواروں کے فائلر پر :......15 فیصد

انکم ٹیکس گوشواروں کے نان فائلر پر :......30 فیصد

10 انکم ٹیکس فیڈرل بورڈ آف ریوینیو کی ویب سائیٹ پر موجود ایکٹیو ٹیکسپیئر زلسٹ کی بنیاد پر منہا کیا جائے گا۔ انکم ٹیکس کی منہائی سے استثنیٰ کے خواہشمند اور کم شرح پر منہائی کے اہل ممبران سے درخواست ہے کہ تازہ ٹیکس سرٹیفیکیٹ یا ضروری دستاویزی ثبوت داخل کرادیں۔

وہ شیئر ہولڈرز جن کی ایک اکاؤنٹ میں مشترکہ شیئر ہولڈنگ ہے ان کا انکم ٹیکس فائلر اور نان فائلر اسٹیٹس کی بناء پر انفرادی طور پر دیکھا جائے گا اور اسی بناء پر ڈیویڈنڈ کی رقم سے ٹیکس ان کی شیئر ہولڈنگ کے مطابق منہیٰ کیا جائے گا۔ اگر شیئر کا تناسب واضح نہیں کیا گیا تو شیئرز کے مساوی تناسب سے ٹیکس منہیٰ ہوگا۔ لہٰذا زیادہ شرح پر ٹیکس منہا ہوئے سے بچنے کیلئے جوائنٹ اکاؤنٹ ہولڈرز سے درخواست ہے کہ اپنی شیئر ہولڈنگ کی تفصیلات کمپنی شیئر رجسٹرار کو پیش کردیں۔

### فزیکل شیئرز کی سی ڈی سی اکاؤنٹ میں جمع آوری

11 کمپنیز ایکٹ، 2017 کی سیکشن 72 کے مطابق، ہر درج شدہ کمپنی کو اپنے دستاویزی شیئرز کو بک انٹری فارم کے ساتھ مخصوص انداز میں منتقل کرنے کی ضرورت ہوگی اور کمیشن کے ذریعہ مطلع شدہ تاریخ سے، جس کی مدت چار سال سے زائد نہ ہو کمپنیز ایکٹ کے آغاز کے سال، یعنی 30 مئی 2017 سے۔

فزیکل حصص یافتگی رکھنے والے حصص یافتگان کی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے کہ وہ کسی بھی بروکرز یا انویسٹر اکاؤنٹ کے ساتھ براہ راست سی ڈی سی میں سی ڈی سی سب اکاؤنٹ کھولیں تاکہ اپنے فزیکل شیئرز کا اسکرپ کی شکل میں رکھ سکیں۔

### غیر دعویٰ شدہ منافع اور/یا بونس شیئرز

12۔ شیئر ہولڈرز، جو کسی بھی وجہ سے، اپنے ڈویڈنڈ اور/ یا بونس شیئرز کا دعوی نہیں کرسکے ہیں، اگر کوئی ہے تو، ان سے درخواست کی جاتی ہے کہ ہمارے شیئر رجسٹرار سے اپنے غیر دعویٰ شدہ منافع اور/ یا بونس شیئرز کی وصولی/ معلومات کیلئے رابطہ کریں۔

13۔ شیئر ہولڈرز سے التماس ہے کہ اگر ان کے رجسٹرڈ پتوں میں کوئی تبدیلی ہو تو فوری طور پر مطلع کریں۔

### کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن (3)134 کے تحت بیان

سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (SECP) نے اپنے S.R.O نمبر 2023/(I)389 مورخہ 21 مارچ 2023 کے تحت کمپنیوں کو اجازت دی ہے کہ وہ اپنے ممبران کو سالانہ آڈٹ شدہ مالیاتی گوشواروں کی CD / DVD / USB کے بجائے، QR-فعال کوڈز اور ویب لنک کے ذریعے بھیجیں۔ لہٰذا، پاک گلف لیزنگ لمیٹڈ (" کمپنی ") کے بورڈ آف ڈائریکٹرز نے 26 اکتوبر 2023 کو منعقد ہونے والے اپنے اجلاس میں کمپنی کے آڈٹ شدہ مالیاتی گوشواروں بشمول سالانہ رپورٹس کو QR فعال کوڈ اور ویب لنک کے ذریعے اپنے اراکین کو ارسال کرنے کی سفارش کی ہے۔ تاہم، سالانہ آڈٹ شدہ مالیاتی گوشواروں کی ہارڈ کاپی، حصص یافتگان کو مطالبہ پر، انکے رجسٹرڈ پتے پر، درخواست کی وصولی کے ایک ہفتے کے اندر بلا معاوضہ فراہم کردیجائے گی۔

ڈائریکٹرز، اسپانسرز، اکثریتی حصص یافتگان اور ان کے رشتہ داروں کی کمپنی میں ماسوائے ان کی حصص یافتگی کی حدتک مذکورہ بالا کاروبار میں براہ راست بالواسطہ کوئی دلچسپی نہیں ۔